یہاں سے کاٹئے

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

اس مقام سے کاٹ کر سوالی پرچہ کھولیے

14. 06. 2024

Tear here

Question Paper Serial No.

CCE-II-RR/PR/PF/NSR/NSPR(A)/888/4006

ಜೂನ್ 2024 ರ ಪರೀಕ್ಷೆ - 2

JUNE 2024 EXAMINATION - 2

**A**

**CCE RR/PR/PF/ NSR/NSPR FULL SYLLABUS**

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 12 ]
Total No. of Printed Pages : 12 ]

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 45 ]
Total No. of Questions : 45 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 12-U**
**Code No. : 12-U**

# ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು
# Subject : FIRST LANGUAGE – URDU

**(ಶಾಲಾ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. / ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)**

**(Regular Repeater / Private Repeater / Private Fresh / NSR / NSPR)**

ದಿನಾಂಕ : 14. 06. 2024 ] [ Date : 14. 06. 2024

ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-15 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 1-30 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-15 A.M. to 1-30 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100 ] [ Max. Marks : 100

**Cut here/ಇಲ್ಲಿ ಕತ್ತರಿಸಿ**

## عام ہدایات :

1. سوالی پرچہ میں کُل 45 سوالات ہیں۔
2. اس سوالی پرچہ کو ریورس جیکٹ سے سربمہر کردیا گیا ہے۔امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا (تیر کے نشان کی اتّباع کیجئے)۔ پرچہ کھولنے کے لئے دائیں طرف سے نہیں کاٹنا ہے۔اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. سوالات کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دیئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔
6. آپ کو مہیا کیا گیا سوالیہ پرچہ کا ورشن (Version) اور آپ کے ہال ٹکٹ میں شائع کیا گیا۔سوالیہ پرچہ کا ورشن (Version) دونوں ایک ہی ہونا ضروری (لازمی) ہے۔

**I.** درجِ ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیئے گئے ہیں۔ صحیح جواب منتخب کر کے لکھئے : **6 x 1 = 6**

1. صورت کے لحاظ سے جملے کی دو قسمیں یہ ہیں۔

(A) جملۂ فعلیہ اور جملۂ اسمیہ

(B) جملۂ انشائیہ اور جملۂ اسمیہ

(C) جملۂ مرکب اور جملۂ فعلیہ

(D) جملۂ مفرد اور جملۂ مرکب

2. جس جملے میں مسند اور مسند الیہ اسم ہو وہ جملہ کہلاتا ہے۔

(A) جملۂ مفرد (B) جملۂ مرکب

(C) جملۂ اسمیہ (D) جملہ فعلیہ

3. ان جملۂ انشائیہ میں شرط کی مثال ہے۔

(A) ''اگر محنت نہ کرتے تو کامیاب نہ ہوتے۔''

(B) ہائے ! یہ تباہی دیکھی نہیں جاتی۔

(C) میری ضرورت پوری کر دیں۔

(D) واللہ کمال کا آدمی ہے۔

4. وہ منظوم کلام جس کا ہر شعر معنی کے اعتبار سے مکمل ہوتا ہے۔

(A) حمد (B) نعت

(C) غزل (D) قصیدہ

5. چال جیسے کڑی کمان کا تیر

دل میں ایسے کہ جا کرے کوئی

اس شعر میں استعمال ہوئی صنعت کا نام ہے۔

(A) صنعتِ تلمیح (B) صنعتِ تضاد

(C) صنعتِ استعارہ (D) صنعتِ تشبیہہ

6. مرکب مطلق کی تعداد ہے۔

(A) دو (B) چار

(C) چھ (D) آٹھ

**II.** پہلے دولفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے : **4 x 1 = 4**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 7. | وقت | : | اوقات | :: | مقام | : ......... |
| 8. | ایک آنکھ سے دیکھنا | : | سب کو یکساں سمجھنا | :: | بھسم کر دینا | : ......... |
| 9. | آفت | : | مصیبت | :: | ذوق | : ......... |
| 10. | شیریں | : | تلخ | :: | نیک مزاج | : ......... |

**III.** درجِ ذیل سوالات کے جواب ایک جملے میں لکھئے : **7 x 1 = 7**

11. بڑی حویلی کی دیوٹ پر ایک دیا کسے قرار دیا گیا ہے ؟

12. ہر فرد اور ہر قوم کا پیدائشی حق کیا ہے ؟

13. لالہ جی دوسرے دن صبح چھ بجے جگانے پر مصنف نے کیا خیال کیا ؟

14. امیر خسرو نے ابتداء میں کیا تخلص اختیار کیا ؟

15. ہوا چاروں طرف کیا پکارتی آئی ؟

16. نظم ''رشوت'' میں شاعر اپنی بستی کو کن لوگوں کا پاگل خانہ کہہ رہا ہے ؟

17. ابتداء میں نسلِ آدم کو کیا آزادیاں نصیب تھیں ؟

IV. درجِ ذیل سوالات کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھئے : 10 x 2 = 20

18. نویں ذی الحجہ کو عازمینِ حج نے کیا کِیا ؟

19. بڑی حویلی کا ذکر مصنفہ کو بیش قیمت کیوں لگتا ہے ؟

20. مولانا آزادؔ کے سامنے فرض کی راہیں کتنی ہیں اور کون کونسی ؟

21. دنیا کے کون کونسے ممالک میں زعفران کی کاشت کی جاتی ہے ؟

22. زعفران کے پودے کو دائمی پودا کہنے کی وجہ کیا ہے ؟

23. بہار کے آنے سے پہاڑوں میں کیا تبدیلی آئی ؟

24. حضرت اِمام حسین ؓ کے رختِ سفر باندھتے ہی کونسا منظر سامنے آیا ؟

25. ملک کی سرحدوں میں بڑے آدمی کی بے بسی کو شاعر نے کس طرح بیان کیا ہے ؟

26. نظم ''مچھر کا الٹی میٹم''، میں شاعر نے انسان کو انسان کا قاتل کیوں کہا ہے ؟

27. شاؔد عظیم آبادی نے رباعی میں کونسی حقیقت بیان کی ہے ؟

**V.** درجِ ذیل سوالات کے جواب تین یا چار جملوں میں لکھئے : **11 x 3 = 33**

**متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے :**

28. ''مجھے اردو کے بارے میں بالکل فکر نہیں۔ وہ ایک جان دار زبان ہے۔''

29. ''اور کیا تین بجے ہی سورج نکل آئے گا۔''

30. ''پھر سارا دیش ہمارے محلے جیسا کیوں نہ بنے۔''

درجِ ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے :

31. اداؔ جعفری

درجِ ذیل شاعر کا تعارف لکھئے :

32. ماہرؔ القادری

درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

33. از ہند تا خراساں، خوشبو ہوا ہے عالم
گلزار نئیں خبر لیا، وہ یاسمن کہاں ہے

34. یہ جنت مبارک رہے زاہدوں کو
کہ میں آپ کا سامنا چاہتا ہوں

35. ہنگامہ زارِ عشق نے کیا کچھ نہیں کیا
پھولوں سے نرم لوگ بھی پتھر میں ڈھل گئے

36. ایک لفظ میں جواب دیجئے :

(i) پیغام پہنچانے والا = ....................

(ii) ہدایت کرنے والا = ....................

(iii) مہارت رکھنے والا = ....................

37. جملۂ فعلیہ کی تعریف مع مثال لکھیے۔

38. صنعتِ تلمیح کی تعریف مع مثال لکھیے۔

یا

صنعتِ تکرار کی تعریف مع مثال لکھیے۔

**VI.** درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھیے : **5 x 4 = 20**

39. اپنی نصابی کتاب میں شامل ''حمد'' کے کوئی چار اشعار لکھیے۔

یا

اپنی نصابی کتاب میں شامل ''نعت'' کے ابتدائی چار اشعار لکھیے۔

40. **کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے :**

(i) جگنو (ii) رشوت

41. حجۃ الوداع کے موقعہ پر دیئے گئے خطبہ کے دوران حضور ﷺ نے ایام جاہلیت، غلام اور خدام، امراء اور حکام کے متعلق کیا ارشاد فرمایا ؟

42. ودیا چرن جی نے آپریشن کے بعد کی تقریر میں بھارت کے متعلق کیا کہا ؟

یا

امیر خسرو کی شاعرانہ اور فنکارانہ صلاحیتوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟

43. **درجِ ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے :**

عمر خیام ماہر ریاضی دان تھے ۔ آپ کی کتاب ''الجبر والمقابلہ'' نے اہل یوروپ کے نزدیک خیام کو ریاضی دان اعظم ہونے کا ثبوت دیا ہے ۔ الجبرا میں کافی نئی دریافتیں کیں اور چھ ایسے اصول بیان کئے ہیں کہ اس سے پہلے کسی نے دریافت نہیں کئے تھے ۔ الجبرا میں اس کے قابل قدر کارنامہ ''مسئلہ دورقی'' کی ایجاد کا اصول ہے ۔ آپ علمِ ہیئت کے امام تھے ۔

شمسی سال کی کمال احتیاط سے پیائش کے بعد پورے سال کی مقدار تین سو پینسٹھ دن پانچ گھنٹے اور انچاس منٹ بتایا۔ 365 دن کو سال کے بارہ مہینوں میں بنا دیا۔ پھر بھی سال میں چھ گھنٹے کی زیادتی آجاتی ہے۔ آپ نے غور وخوص کر کے ہر چوتھے سال کے ایک مہینے میں ایک دن زیادہ کر دیا۔ گویا ہر چوتھا سال 366 دنوں کا ہوگیا۔ اہل عرب ایسے سال کو ''کبیہ'' اور اہل ایران ''وزدیدہ'' کہتے ہیں۔ شمسی تقویم میں ''لیپ'' سال کے نام سے مشہور ہے۔

سوالات :

(i) عمر خیام ماہر ریاضی دان ہونے کے ساتھ ان کے ایجاد کا اصول لکھئے۔

(ii) عمر خیام نے سال میں چھ گھنٹے کی زیادتی کو کس طرح تقسیم کی اور شمسی تقویم میں کس نام سے مشہور ہے۔

**VII. خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خُطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے :** **1 x 5 = 5**

44. اپنے میر معلّم/معلّمہ کے نام ایک خط لکھئے جس میں اپنی بہن کی شادی میں شرکت کرنے کے لئے تین دن کی چھٹّی کی درخواست کی گئی ہو۔

یا

اپنے دوست/سہیلی کے نام ایک خط لکھئے جس میں اپنے مدرسے میں منائے گئے سالانہ جلسے کی تقریب کا ذکر کیا گیا ہو۔

1 x 5 = 5

**VIII.** کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے :

45. (i) تعلیمِ نِسواں کی اہمیت ( ضرورت )

یا

(ii) چندرایان - 3 ہندوستان کی ترقی/کامیابی کی علامت

DO NOT WRITE ANYTHING HERE